# نیو ساؤتھ ویلز ٹی بی پروگرام

**NSW TB Program - Urdu**

## تپدق (ٹی بی) کے مریضوں سے واسطہ رکھنے والوں کے لیے معلومات

**اہم نقاط:**

- آپ کا ایک ایسے شخص سے واسطہ رہا ہے جسے تپدق (ٹی بی) ہے۔
- ٹی بی ایک بیماری ہے جو مائیکوبیکٹیریم ٹیوبرکلوسس نامی بیکٹیریا کے انفیکشن سے ہوتی ہے۔
- ٹی بی بالعموم انسان کے پھیپھڑوں کو متاثر کرتی ہے لیکن یہ جسم کے دوسرے حصوں کو بھی متاثر کر سکتی ہے۔ یہ شدید بیماری پیدا کر سکتی ہے۔
- خاص اینٹی بائیوٹکس سے ٹی بی کا علاج ممکن ہے۔
- ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ اپنا ٹیسٹ کروا کے معلوم کریں کہ آیا آپ کو ٹی بی جراثیم کا انفیکشن لگا ہے۔اگر ٹیسٹوں کا نتیجہ مثبت آئے تو ہم مشورہ دے سکتے ہیں کہ آپ علاج یا خبرگیری حاصل کریں۔

### ہم نے آپ سے رابطہ کیوں کیا ہے؟

آپ کے بارے میں معلوم ہوا ہے کہ چھوتی ٹی بی میں مبتلا ایک شخص سے آپ کا واسطہ رہا ہے۔ ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ ٹیسٹ کروا کے دیکھیں کہ آیا آپ کو ٹی بی کا انفیکشن لگ گیا ہے۔آپ کے نتائج پر منحصر، ہم علاج یا مزید خبرگیری کا مشورہ دے سکتے ہیں۔

### ٹی بی کیا ہے؟

فعال (ایکٹیو) ٹی بی کی بیماری مائیکوبیکٹیریم ٹیوبرکلوسس بیکٹیریا کے انفیکشن سے ہوتی ہے اور اینٹی بائیوٹکس سے اس کا علاج ممکن ہے۔ ٹی بی بالعموم انسان کے پھیپھڑوں کو متاثر کرتی ہے لیکن کبھی کبھار یہ جسم کے دوسرے حصوں کو بھی متاثر کر سکتی ہے جیسے لمف غدود، گردے اور ہڈیاں۔ ٹی بی انفیکشن کے بالعموم کوئی آثار یا علامات نہیں ہوتیں اور زیادہ تر صورتوں میں ٹی بی کے جراثیم فعال نہیں ہوتے – اسے خوابیدہ یا مخفی ٹی بی انفیکشن کہتے ہیں۔ مخفی ٹی بی انفیکشن کے حامل انسان سے دوسروں کو انفیکشن نہیں لگ سکتا اور وہ گھر کے افراد یا دوسرے قریبی واسطہ رکھنے والوں کو جراثیم منتقل نہیں کر سکتا۔

### میں کسی ٹی بی کے مریض کو نہیں جانتا – مجھے انفیکشن کیسے ہو سکتا ہے؟

چونکہ ٹی بی کے جراثیم ہوا کے ذریعے پھیلتے ہیں، آپ شاید اس شخص کو نہ جانتے ہوں جس کی وجہ سے آپ کو ٹی بی سے واسطہ پڑا ہے۔ مریض کی پردہ داری کے لیے ہم آپ کو نہیں بتا سکتے کہ یہ شخص کون ہے اور نہ ہی یہ بتا سکتے ہیں کہ آپ کو ٹی بی کے جراثیم سے کہاں واسطہ پڑا ہو گا۔

### لوگوں کو ٹی بی کا انفیکشن کیسے لگتا ہے؟

جب پھیپھڑوں یا گلے کی ٹی بی میں مبتلا کوئی شخص کھانسے، چھینکے، گائے یا بولے تو اس کے منہ سے نہایت باریک قطرے ہوا میں خارج ہوتے ہیں اور ٹی بی کے جراثیم ہوا میں پھیل جاتے ہیں۔ یہ باریک قطرے دوسرے لوگ سانس کے ساتھ اندر لے جا سکتے ہیں۔ اکثر لوگوں کو ٹی بی کسی ایسے شخص سے لگتی ہے جس کے ساتھ انہوں نے بہت وقت گزارا ہو۔ یہ بہت غیرمعمولی ہے کہ کسی کے ساتھ مختصر یا عام واسطے سے ٹی بی لگ جائے۔ ٹی بی گھریلو چیزوں جیسے چمچوں کانٹوں چھریوں اور پلیٹوں وغیرہ یا فون سے نہیں لگ سکتی۔

### مجھے اپنا آپ بیمار نہیں لگتا – مجھے کیسے پتہ چل سکتا ہے کہ آیا مجھے انفیکشن لگ چکا ہے؟

ٹی بی کے انفیکشن کی کوئی علامات نہیں ہوتیں لہذا ٹی بی کے انفیکشن کی تشخیص کے لیے ہمیں خاص ٹیسٹ استعمال کرنا پڑتے ہیں۔ ٹیسٹ آپ کی مقامی ٹی بی سروس میں یا اس کے زیر انتظام کرائے جا سکتے ہیں۔ ان ٹیسٹوں میں یہ شامل ہیں:

- خون کا ٹیسٹ جسے interferon gamma release assay (QuantiFERON TB Gold Plus® یا IGRA) کہتے ہیں دکھا سکتا ہے کہ آیا آپ کو ٹی بی کا انفیکشن لگا ہے۔
- ٹیوبرکولین جلد کا ٹیسٹ (جسے TST یا Mantoux ٹیسٹ بھی کہتے ہیں) ایک چھوٹا سا انجیکشن ہے جو کلائی کے اندرونی طرف جلد کے عین نیچے لگایا جاتا ہے۔ آپ کو انجیکشن لگنے کے 2 سے 3 دن بعد واپس آنا ہو گا تاکہ اگر ٹی بی انفیکشن کی نشاندہی کرنے والا کوئی ردعمل (سوجن اور سرخی) واقع ہو تو اسے جانچا جا سکے۔
- چھاتی کا ایکسرے دکھا سکتا ہے کہ آیا آپ کے پھیپھڑوں میں ٹی بی ہے۔ کبھی کبھار چھاتی کا ایکسرے ماضی میں ہونے والی ٹی بی دکھاتا ہے چاہے آپ کو علم نہ ہو کہ آپ کو پہلے ٹی بی ہو چکی ہے۔

## مجھے ٹی بی ویکسی نیشن (Bacillus Calmette–Guérin یا بی سی جی) مل چکی ہے۔ کیا اس سے مجھے تحفظ حاصل نہیں ہوا؟

بی سی جی ویکسین 5 سال سے کم عمر کے بچوں میں ٹی بی کی خطرناک قسموں کی روک تھام کے لیے بہترین کام کرتی ہے تاہم یہ تمام صورتوں میں ٹی بی کی روک تھام نہیں کرتی۔آپ کو بی سی جی ویکسی نیشن لگنے کے باوجود ٹی بی کا انفیکشن ہو سکتا ہے۔

## اگر میرے ٹیسٹوں کا نتیجہ منفی آئے تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کے پہلے خون کے ٹیسٹ یا ٹیوبرکولین جلد کے ٹیسٹ کا نتیجہ منفی ہو تو 2 سے 3 مہینے بعد ٹیسٹ کو دہرایا جا سکتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ کے مدافعتی نظام کو ٹی بی سے واسطے کے بعد ردعمل ظاہر کرنے میں کئی ہفتے لگ سکتے ہیں۔اس لیے اگر دوسری بار ٹیسٹ کا مشورہ دیا گیا ہو تو یہ **بہت اہم** ہے کہ آپ اس ٹیسٹ کے لیے آئیں تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ آپ کو ٹی بی انفیکشن نہیں ہے۔ اگر دوسرا ٹیسٹ منفی آئے تو آپ کو مزید ٹیسٹ کروانے کی ضرورت نہیں ہو گی۔

## اگر میرا خون کا ٹیسٹ یا جلد کا ٹیسٹ مثبت آئے تو کیا ہو گا؟

اگر آپ کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آئے تو آپ سے چھاتی کا ایکسرے کروانے کے لیے کہا جائے گا اور اس ایکسرے کے نتیجے اور خطرے کے دوسرے عوامل پر منحصر، آپ کو سپیشلسٹ ٹی بی ڈاکٹر کے پاس بھیجا جا سکتا ہے۔

مثبت ٹیسٹ کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کو ٹی بی میں مبتلا کسی شخص سے حال ہی میں واسطے کی وجہ سے انفیکشن لگا ہے۔ اگر آپ کسی ایسے ملک میں رہ چکے ہیں جہاں ٹی بی عام ہے تو بہت امکان ہے کہ آپ کو یہ انفیکشن کچھ عرصے سے ہے۔ دنیا کی آبادی میں سے ایک چوتھائی کے قریب مخفی ٹی بی انفیکشن میں مبتلا ہے، اگرچہ ان لوگوں میں یہ بہت کم پایا جاتا ہے جو آسٹریلیا میں پیدا ہوئے ہوں اور صرف آسٹریلیا میں ہی رہے ہوں۔ کبھی کبھار ٹیوبرکولین جلد کا ٹیسٹ ان لوگوں میں مثبت آتا ہے جنہیں بی سی جی ویکسی نیشن لگی ہو یا دوسری وجوہ سے نتیجہ مثبت آتا ہے جن کا ٹی بی انفیکشن سے تعلق نہیں ہوتا۔

مخفی ٹی بی انفیکشن ہونے کا مطلب یہ **نہیں ہے کہ** آپ کو ایکٹیو ٹی بی کی بیماری ہے یا آپ سے دوسروں کو انفیکشن لگ سکتا ہے۔ تاہم اس کا یہ مطلب ضرور ہے کہ آپ کے لیے زندگی میں کسی وقت ایکٹیو ٹی بی کی بیماری میں مبتلا ہونے کا کچھ خطرہ ہے۔ خطرہ کتنا بڑا ہے، یہ اس پر منحصر ہے کہ آپ کا انفیکشن کتنا تازہ ہے (تازہ انفیکشن زیادہ بڑا خطرہ ہے)، آپ کی عمر کتنی ہے، اور آیا آپ کو کوئی دوسرے امراض ہیں یا نہیں۔ نرس یا ڈاکٹر آپ کے ساتھ اس بارے میں مزید بات کریں گے۔

## کیا مخفی ٹی بی انفیکشن کا علاج ہو سکتا ہے؟

مخفی ٹی بی انفیکشن کا علاج ہو سکتا ہے جس سے مستقبل میں ٹی بی کی روک تھام میں مدد ملتی ہے۔ اس علاج میں بالعموم ایک یا دو ادویات 3 سے 9 مہینوں تک ٹی بی کی بیماری میں مبتلا لوگوں کو استعمال کرائی جاتی ہیں۔ یہ علاج مخفی ٹی بی انفیکشن میں مبتلا اکثر لوگوں میں ٹی بی کی بیماری کی روک تھام کے لیے مؤثر ہوتی ہیں۔ یہ علاج بالعموم محفوظ ہوتا ہے، خاص طور پر نوجوان افراد میں۔ اگر آپ کا ڈاکٹر اس علاج کا مشورہ دے تو وہ آپ کو اس کے فوائد اور ممکنہ ضمنی اثرات کے بارے میں بتائے گا۔

## اگر مجھے مخفی ٹی بی انفیکشن ہے تو کیا علاج کا کوئی متبادل ہے؟

ہاں۔ اگر آپ کو ٹی بی کی بیماری لاحق ہونے کا خطرہ کم ہے تو آپ کا ڈاکٹر «انتظار کرنے اور نظر رکھنے» کا مشورہ دے سکتا ہے۔ اس صورت میں آپ کو 2 سال تک باقاعدگی سے، بالعموم ہر 6 مہینے بعد، چھاتی کے ایکسرے کروانے چاہیئں۔ یہ اہم ہے کہ آپ ٹی بی کی بیماری کی علامات سے آگاہ ہوں اور اگر آپ کو ایسی علامات پیش آئیں جن سے ٹی بی کا شک ہو تو اپنی مقامی ٹی بی سروس یا ڈاکٹر کو بتائیں۔

## مزید معلومات کے لیے

- اپنی مقامی ٹی بی سروس سے رابطہ کریں
- ٹی بی کے بارے میں معلومات پڑھیں
- نیو ساؤتھ ویلز ہیلتھ ٹی بی کی ویب سائیٹ دیکھیں - www.health.nsw.gov.au/Infectious/tuberculosis/